
# بگ ڈیٹا تجزیہ | ہجرت

گزشتہ دس برسوں کے دوران ، پاکستان سے ڈاکٹروں کی بیرونِ ملک جانے کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ **2025** میں یہ تعداد اپنی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، جب تقریباً **3,800** سے **4,000** ڈاکٹر باقاعدہ طور پر پاکستان سے باہر منتقل ہوئے ہیں۔ یہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ایک سال میں پاکستان سے ڈاکٹروں کے ملک چھوڑنے کی اب تک کی سب سے زیادہ تعداد ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

ہجرت (Emigration)

## پاکستان سے ڈاکٹروں کی بڑی تعداد میں بیرونِ ملک منتقلی: 2025 میں تقریباً 4 ہزار ڈاکٹر پاکستان چھوڑ کر گئے ـــــ اس حوالے سے اب تک کی سب سے زیادہ تعداد۔

(اسلام آباد)، 03 فروری 2026


گزشتہ دس برسوں کے دوران، پاکستان سے ڈاکٹروں کی بیرونِ ملک جانے کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ 2025 میں یہ تعداد اپنی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، جب تقریباً 3,800 سے 4,000 ڈاکٹر باقاعدہ طور پر پاکستان سے باہر منتقل ہوئے ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ایک سال میں پاکستان سے ڈاکٹروں کے ملک چھوڑنے کی اب تک کی یہ سب سے زیادہ تعداد ہے۔

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کے اوورسیز پاکستانی ڈیش بورڈ کے اعداد و شمار، جو بیورو آف امیگریشن (BOE) کے ریکارڈ پر مبنی ہیں، سے یہ سامنے آتا ہے کہ تقریباً تین دہائیوں تک پاکستان سے ڈاکٹروں کی بیرونِ ملک جانے کی تعداد نسبتاً کم اور تقریباً ایک جیسی رہی، عام طور پر ایک سال کے دوران چند سو ڈاکٹر کے قریب، تاہم 2010 کے قریب اس رجحان میں تبدیلی آنے شروع ہوئی، جب پہلی بار سالانہ بیرونِ ملک جانے والے ڈاکٹروں کی تعداد 1,000 سے تجاوز کر گئی۔

اس کے بعد یہ اضافہ مسلسل جاری رہا۔ 2010 کی دہائی کے وسط تک ہر سال بیرونِ ملک جانے والے ڈاکٹروں کی تعداد 1,500 سے 2,000 سے زائد تھی، اور حالیہ برسوں میں یہ تعداد مزید بڑھ کر تقریباً 4,000 سالانہ تک پہنچ گئی۔ یہ رجحان کسی عارضی/وقتی اضافے کی بجائے ایک مستقل تبدیلی کو ظاہر کرتا ہے۔

اس رجحان کی وجوہات واضح ہیں: کام کے حالات سے عدم اطمینان، کیریئر میں آگے بڑھنے یعنی ترقی کے محدود مواقع، سیکیورٹی خدشات، بہتر معیارِ زندگی کی تلاش، اور عالمی سطح پر پاکستانی تربیت یافتہ ڈاکٹروں کی مضبوط مانگ، جو انہیں بیرونِ ملک جانے کی طرف راغب کر رہی ہے۔

اس کے اثرات بہت سنجیدہ ہیں۔ پاکستان ڈاکٹروں کی تعلیم پر سرکاری سطح پر بھاری سرمایہ کاری کرتا ہے، اور بڑی تعداد میں ڈاکٹروں کے بیرونِ ملک جانے کا مطلب عوامی سرمایہ کاری، علاج کی سہولتوں، تدریسی و تربیتی صلاحیتوں، اور مجموعی طور پر صحت کے نظام کے استحکام کا نقصان ہے۔ ایک انفرادی سطح پر لیا گیا فیصلہ مل کر پورے صحت کے نظام کے لیے ایک بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ تاہم ایک سنجیدہ سوال باقی رہ جاتا ہے کہ کیا پاکستان اپنے صحت کے نظام کے لیے ڈاکٹر تیار کر رہا ہے ـــــ یا بتدریج انہیں بیرون ملک بھیجنے کے لئے؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

یہ تجزیہ گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے جاری کیا گیا ہے۔ اس میں 1985 سے 2025 تک پاکستان سے ڈاکٹروں کی ہجرت کے سرکاری اعداد و شمار شامل ہیں۔ یہ ڈیٹا گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس ڈیش بورڈ پر بھی دستیاب ہے، جس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 03 February 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)